# اوکاڑہ کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاونی

## نیلام عام بکنگ آفس فیس اوکاڑہ چھاونی

کنٹونمنٹ بورڈ، اوکاڑہ چھاونی حقوق وصولی بکنگ آفس برائے (A-C) کوچز کا نیلام عام عرصہ مدت تین سال کے لیے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں مورخہ 22 جولائی، 2026 کو بوقت 11:00 بجے دن کیا جائے گا۔ بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ 23 جولائی، 2026 اور سہ بارہ مورخہ 24 جولائی، 2026 ہوگی۔

### نیلامی کی شرائط درج ذیل ہیں۔

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ پانچ لاکھ روپے (کال ڈپازٹ / پے آرڈر) ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کاپی جمع کروانا ہوگا۔

2۔ بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ بطور سیکیورٹی موقع پر ہی جمع کروانا ہوگی۔ موقع پر سیکیورٹی جمع کروانے میں ناکام رہنے پر زر بیعانہ مبلغ پانچ لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کی سیکیورٹی تا اختتام ٹھیکہ دفتر ھذا میں جمع رہے گی جو ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے ایک ماہ بعد واپس کی جائے گی۔ اگر ٹھیکیدار ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرتا ہے تو بھی سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی اور اس کے خلاف ٹھیکہ ختم کرنے کا اختیار دفتر ہذا کو ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ٹھیکہ شروع کرنے سے پہلے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

5۔ بکنگ آفس فیس کی بولی (بڈ) کی رقم فی سال کے حساب سے ہوگی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لئے ہوگا۔ تاہم دوسرے اور تیسرے سال میں 10٪ سالانہ کمپاؤنڈ کے حساب سے اضافہ ہوگا۔ نیز ٹھیکیدار ٹھیکہ کے آغاز سے قبل پہلے سال کے ایڈوانس چیک دفتر کنٹونمنٹ میں جمع کروانے کے ساتھ ساتھ ہر سال ٹھیکہ میں ہونے والے 10٪ سالانہ اضافہ کے ساتھ باقی دو سال کے ایڈوانس چیک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ منظوری کے فوراً بعد 07 یوم کے اندر دفتر کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کے ساتھ اپنے ہی خرچہ پر تحریری معاہدہ / ایگریمنٹ کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ بقیہ اقساط ہر ماہ ایڈوانس 10 تاریخ تک جمع کروانے کا پابندہ ہوگا۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کروانے پر مبلغ /-5000 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ 20 تاریخ تک ٹھیکدار کے ہی نفع ونقصان پر ماہانہ قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں بکنگ آفس فیس کے حقوق وصولی کینسل کر دیئے جائیں گے۔

8۔ معاہدہ کی خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ دار ہذا کو مبلغ /-1000000 تک جرمانہ بورڈ کی منظوری سے عائد کیا جاسکتا ہے۔

9۔ بکنگ آفس کی (Repair & Maintinence) کی ذمہ داری ٹھیکہ دار ہذا کی ہوگی۔

10۔ یہ کہ بکنگ آفس میں ٹھیکیدار ٹیلی فون، بجلی میٹر دفتر کی اجازت سے اپنے خرچہ سے لگوائے گا۔ جس کا بل ٹھیکدار کے ذمہ ہوگا۔

11۔ یہ کہ ٹھیکیدار ریکوری پوائنٹ پر ملازم کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی اجازت سے رکھے گا اور اپنے ملازمین کی تنخواہ ٹھیکدار خود ادا کرے گا۔

12۔ یہ کہ ٹھیکیدار بکنگ آفس میں بکنگ کے علاوہ کسی قسم کا کاروبار نہیں کرے گا۔ بلکہ تمام A-C گاڑیوں کی سیٹ کی بکنگ صرف بکنگ آفس میں ہی کرے گا۔

13۔ یہ کہ ٹھیکیدار جس کمپنی کی A-C گاڑیوں کی بکنگ کرے گا کمپنی کی لسٹ دفتر ہذا میں مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

14۔ یہ کہ کامیاب ٹھیکیدار سیٹ بکنگ چارجز شیڈول برائے A-C گاڑی دفتر ہذا میں مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

15۔ یہ کہ نان (A-C) گاڑی کی ٹھیکیدار دفتر سے اجازت لیکر بکنگ کر سکے گا۔ جو کینٹ سے سٹارٹ لے گی۔

16۔ یہ کہ ٹھیکیدار کسی بھی گاڑی کو سواری اتارنے / سوار کرنے سے منع نہیں کر سکے گا۔

17۔ یہ کہ ٹھیکیدار رائج الوقت کرایہ کا 10٪ سے زائد ٹرانسپورٹرز سے وصول نہیں کریگا۔

18۔ یہ کہ ٹھیکیدار بکنگ آفس میں کسی بھی کمپنی کی A-C گاڑی کی ایڈوانس بکنگ کرنے کا مجاز ہوگا۔

19۔ مذکورہ ٹھیکے پر PPRA Rules لاگو ہیں۔

CamScanner

20- بکنگ آفس میں کسی قسم کی شب گزاری کی اجازت نہ ہوگی۔

21- یہ کہ ٹھیکیدار نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا اور کسی قسم کی رعائیت کے لیے دفتر سے رجوع نہ کرے گا۔

22- کینٹونمنٹ بورڈ کے نادہندہ اور کینٹ بورڈ کے ساتھ مقدمہ بازی میں ملوث کمپنی / فرد / افراد نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

23- کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق شرح وصول کرنے کا پابند ہوگا۔

24- کسی بھی تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ملتان ریجن ملتان کے پاس جائے گا۔ جو بحیثیت ثالث (Arbitrator) فیصلہ کریں گے۔ یہ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہوگا۔ اور کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ ہو سکے گا۔

25- زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی ایک یا تمام بولیوں کو کسی بھی وجہ سے (قبل از منظوری) PPRA قوانین کے تحت مسترد کر دے۔

26- بولی دہندہ کا FBR سے فائلر ہونا ضروری ہے۔

مزید شرائط وضوابط کیلئے دفتر ہذا سے دوران اوقات کار میں رابطہ کریں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ کینٹ